15 مئی 2023ء

اسٹیٹ بینک اور وزارت خارجہ کی جانب سے آسیان رکن ممالک کے لیے تربیتی پروگرام کا مشترکہ انعقاد

بینک دولت پاکستان کے ذیلی ادارے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف بینکنگ اینڈ فنانس (NIBAF) نے وزارت خارجہ کے اشتراک سے آسیان رکن ممالک کے لیے 'ابھرتی منڈیوں میں ڈجیٹل ادائیگیوں کا منظر نامہ اور مالی شمولیت' کے موضوع پر پانچ روزہ تربیتی پروگرام منعقد کیا۔ یہ پروگرام 8 تا 12 مئی 2023ء منعقد کیا گیا، جس میں کمبوڈیا، انڈونیشیا، لاؤ پی ڈی آر، ملائشیا، میںمار، تھائی لینڈ، ویت نام، آسیان سیکریٹریٹ اور پاکستان سے تعلق رکھنے والے 24 اہلکاروں نے شرکت کی۔ یہ تربیتی پروگرام آسیان کے پلیٹ فارم پر پاکستان کی حیثیت کو شعبہ جاتی ڈائیلاگ شراکت دار سے بہتر بنا کر مکمل ڈائیلاگ شراکت دار بنانے کی کوششوں کا حصہ تھا۔

آسیان رکن ممالک کے مرکزی بینکوں کے اہلکاروں کے لیے وضع کیے گئے اس پروگرام میں ڈجیٹل نظام ادائیگی کے انفرا اسٹرکچر اور پاکستان میں اس کے بنیادی اجزا کے بارے میں آگاہی دی گئی۔ مزید بر آں، ڈجیٹل مالی خدمات کو جمہوری بنانے میں اسٹیٹ بینک کے کلیدی کردار پر غور وخوض بھی کیا گیا۔ پروگرام کے شرکا نے سینٹرل بینک ڈجیٹل کرنسی، کرپٹو کرنسیوں، فِن ٹیک اداروں کی خلل انگیز صلاحیت اور ابھرتی ہوئی منڈیوں میں انٹرپرنیور شپ ثقافت کے حوالے سے اپنے تجربات پر بھی بحث کی۔ پروگرام کے اختتام پر شرکا نے اس بات پر زور دیا کہ ترقی پذیر ممالک میں غربت کم کرنے اور معاشی نمو کو بڑھانے کے لیے مالی شمولیت ایک کلیدی معاون کی حیثیت رکھتی ہے۔

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف بینکنگ اینڈ فنانس، اسٹیٹ بینک آف پاکستان

ابھرتی منڈیوں میں ڈجیٹل ادائیگیوں کا منظر نامہ اور مالی شمولیت، آسیان رکن ممالک کے لیے نباف میں منعقد کردہ تربیتی پروگرام

نباف اسلام آباد، 8 تا 12 مئی 2023ء

****